Islamiat (Urdu Medium) - 11th Class Islamiat Chapter 3 Short Questions Preparation

Q1. ذکر کے لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

Ans 1: ذکر کے لغوی معنی کسی کو یاد کرنا کے ہیں دین کی اصطلاح میں اس سے مراد اللہ کو یاد کرنا کے ہیں.

Q2. ذکر کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ:اے ایمان والوں! اللہ کو بہت کثرت سے یاد کیا کرو.

Q3. ذکر کی کوئی دو اقسام لکھیں.

Ans 1: ذکر کی دو اقسام درج ذیل ہیں. 1.قولی ذکر : زبان سے اللہ کو یاد کرنا 2.قلبی ذکر : دل میں اللہ کی نعمتوں کا اعتراف کرنا اور اسے یاد کرنا

Q4. مواخات سے کیا مرادہے؟

Ans 1: رسول(ص) جب ہجرت فرما کر مکہ سے مدینہ تشریف لے گئےتو آپ(ص) نے مہاجرین مکہ اور انصار مدینہ کے درمیان مواخاۃ قائم کر دیا، ہر مہاجر کو کسی انصاری کا دینی بھائی بنا دی اور اس طرح اخوت و محبت کا ایسا رشتہ قائم فرمادیا جس کی مثال تاریخ عالم میں نہیں ملتی.

Q5. لوگوں کو معاف کرنے کے بارے میں قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ: اور دبا لیتے ہیں غصہ اور معاف کرتے ہیں لوگوں کو.

Q6. صبر اور استقلال کے لغوی معنی بیان کریں.

Ans 1: صبر کے لغوی معنی روکنے اور برداشت کرنے کے ہیں،یعنی اپنے نفس کو خوف اور گھبراہٹ ست روکنا اور مصائب و شدائد کو برداشت کرنا. استقلال کے لغوی معنی استحکام اور مضبوطی کے ہیں.

Q7. صبر کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ: بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے.

Q8. مسواک کے بارے میں آپ(ص) کا کیا ارشاد ہے؟

Ans 1: مسواک کے بارے میں آپ(ص) نے ارشاد فرمایا "اگر امت کو دشواری نہ ہوتی تو انہیں ہر نماز سے پہلے مسواک کرنے کا حکم دیتا ہے."

Q9. صبر سے متعلق سیرت نبی(ص) کی ایک مثال دیں

Ans 1: ایک دن حضرت محمد(ص) خانہ کعبہ کے نزدیک نماز پڑھ رہے تھے.حرم شریف میں اس وقت کفار کی ایک جماعت موجود تھی عقبہ بن ابی معیط نے ابو جہل کے اکسانے پر اونٹ کی اوجڑی سجدہ کی حالت میں آپ(ص) کی پشت مبارک پر ڈال دی اور مشرکین زور زور سے قہقے لگانے لگے،کسی نے آپ(ص) کی صاحبزادی کو اس واقعہ کی اطلاع دی وہ فورا دوڑتی آئیں اور غلاظت آپ(ص) کی پشت سے سے صاف کی اور کافروں کو بد دعا دی،جس پر آپ(ص) نے فرمایا بیٹی صبر سے کام لو.اللہ انہیں ہدایت دے یہ نہیں جانتے کہ ان کی بہتری کس چیز میں ہے.

Q10. تسبیح فاطر تحریر کریں.

Ans 1: نماز کے بعد 33 مرتبہ سبحان اللہ،33 مرتبہ الحمد اللہ،34 مرتبہ اللہ اکبر کہنا تسبیح فاطر ہے